**بینک دولت پاکستان**
**شعبہ مبادلہ پالیسی**
**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ایف ای سرکلر نمبر 11 برائے 2018ء**      **22 اکتوبر 2018ء**

زرمبادلہ میں تمام مجاز ڈیلروں کے
صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ

**<u>ترسیلات زر خدمات میں توسیع</u>**

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مزید سہولت دینے کے لیے مجاز ڈیلروں (اے ڈیز) کو اب اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنے موجودہ / نئے ملکی ترسیلات زر ایجنسی بندوبست کے تحت بیرونی کرسپانڈنٹ اداروں کے ذریعے کاروبار تا صارف (بی 2 سی) اور صارف تا کاروبار (سی 2 بی) لین دین کی خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ یہ بندوبست **<u>ضمیمہ الف</u>** میں دیے گئے شرائط و قواعد کے ساتھ متعلقہ حد کی شمولیت سے مشروط ہے۔

2۔ تاہم حتمی شکل دینے سے قبل مجاز ڈیلروں کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ تمام ضمنی / نئے ایجنسی سمجھوتوں کا مسودہ بھجوائیں۔ ضمنی / نئے سمجھوتوں کے مسودے پر اگر ضرورت ہوئی تو شعبہ رائے دے گا لیکن اپنے مفاد کے مناسب تحفظ کی حتمی ذمہ داری مجاز ڈیلروں پر ہوگی۔

3۔ اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔ مزید برآں، مذکورہ بالا ہدایات پر مجاز ڈیلر کی جانب سے عملدرآمد میں ناکامی کی صورت میں فارن ایکس چینج ریگولیشن ایکٹ 1947ء کی دفعہ 23K کے تحت ضوابطی جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔

4۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس نوٹس کو اپنے تمام متعلقین کے علم میں لائیں۔

منسلکات: ضمیمہ الف

آپ کا مخلص

**(ارشد محمود بھٹی)**
ڈائریکٹر